المنار

Amatul Quddous
B

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

روشنی اور بلندی کا نشان

المنار

جلد (۳) تعلیم الاسلام کالج لاہور شمارہ (۲)

نومبر - دسمبر ۱۹۵۲ء

مدیر اعلیٰ
شیخ محبوب عالم خالد
بی اے (آنرز) ایم اے

مدیران
بشیر احمد رفیق
عبداللطیف

(فہرست)

اصول تنقید	عبداللطیف	۲
دو غزلیں	سعد درانی	۶
عزم	سمیع اللہ قریشی	۷
اردو تنقید پر اک نظر	ڈاکٹر عبادت بریلوی ایم - اے - اچ - ڈی -	۸
ساقی	قاصد ظریف	۱۰
تاریخ اسلام کے متعلق بعض اصولی نظریے	پروفیسر بشارت الرحمان ایم - اے	۱۱
مکتوبات نبوی صلعم پر اک نظر	جنید ہاشمی بی - اے	۱۴
بندگان خدا	محمود ایاز	۱۶

پبلشرز جنید ہاشمی نے دستکاری پریس لاہور سے چھپوا کر شائع کیا ۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عبداللطیف

اُصول تنقید

(مضمون نگار کے ہر نظریئے سے اتفاق ضروری نہیں مدیر)

جہاں تک صحیح فن تنقید کا تعلق ہے اِس موضوع پر بیشتر کتابیں دیکھنے کے بعد احساس ہوتا ہے کہ انسانی ذہن بالعموم اور مشرقی ذہنیتیں بالخصوص شخصیت پرست واقع ہوئی ہیں اور دنیائے علم و ادب میں جسے ہم تنقیدی مواد کہتے یا سمجھتے ہیں۔ اسکا اکثر و بیشتر حصّہ توصیف یا تنقیص پر مشتمل ہے۔ صحیح تنقید نہایت ہی دقتِ نظر اور وسعت مطالعہ کے باوجود بھی مشکل ہی سے پیدا ہوتی ہے۔ کیونکہ اد نظے سے ادنٰے تخلیق بھی نہایت ہی بلند اور دقیق اندازِ نقد و نظر کی متقاضی ہوتی ہے علی الخصوص موجودہ دَور میں جبکہ تنقید ایک مستقل فن کی حیثیت اختیار کر چکی ہے اور علوم جدیدہ نے اپنے مخصوص انداز میں اسکے تمام دیرینہ اسالیب کو غیر معمولی طور پر متاثر کر رکھا تھا۔

ہمارے اُردو دان طبقہ نے شومئی قسمت سے اس طرف بہت کم توجہ دی ہے اور اُردو زبان کے گذشتہ ڈیڑھ سو سال کے علمی اور ادبی سرمائے میں ہمیں بہت کم کتابیں ایسی میسر آتی ہیں جنہیں بجا طور پر تنقیدی کہا جا سکے۔ مولانا حالی اور شبلی نعمانی یا جامعہ عثمانیہ اور ندوہ والوں نے ضرور اس سلسلے میں کسی قدر مواد بہم پہنچایا ہے۔ جو یقیناً قابلِ قدر ہے مگر یونکہ فن مغرب کا ہے جدید ادبی تقاضوں اور اسالیب نقد و انتقاد کا ساتھ نہیں دے سکتا! البتہ مجنوں گورکھپوری ممتاز حسین پروفیسر سرور اور کلیم الدین احمد۔ احتشام حسین عزیز احمد۔ ڈاکٹر زور محمد حسین قادری جعفر علی خاں اثر اور نیاز فتح پوری نے جدید اسلوبِ تنقید کو ملحوظ رکھتے ہوئے کسی حد تک زبان اُردو کی تہی دامنی کا ازالہ کیا ہے۔ مگر یہ سب کچھ اسقدر قلیل ہے کہ اس مبسوط فن کے پیش لفظ کی حیثیت بھی نہیں رکھتا اور اسپر مستزاد مشرق کی شخصیت پرستی نے اس بیباک اور بے لاگ اندازِ فکر و نظر کی جو حوصلہ افزائی فرمائی ہے۔ اُسکے پیشِ نظر ابھی کئی سالوں تک اس فن کا مستقبل کچھ اچھا نظر نہیں آتا! اکثر کا انداز مصالحانہ ہے۔

کسی مصنف یا اُس کی تصنیف پر تنقید کرنے سے پہلے ہمیں بہت سی باتوں کو ملحوظِ خاطر رکھنا پڑتا ہے۔ مثلاً مصنف کا وطن اُس کی آب و ہوا جغرافیائی اور سیاسی حالات معاشی و عمرانی فضا نفسیاتی پس منظر، ماحول اور وقت کے مخصوص تاثرات مصنف کے محرکات اور وجہ تصنیف وغیرہ۔ جو یقیناً ایک نہایت ہی صبر آزما کام ہے جس کے لئے ایک مخصوص پختگیٔ فکر اور وسیع تفحص و تفکر کی ضرورت ہے۔ مگر سوء اتفاق سے ہمارے ہاں مصنف بننے کا شوق بہت جلد شروع ہو جاتا ہے۔ جسکی بنا پر چند مفلوج اور مدقوق قسم کے پریشان و پراگندہ افکار کو نہایت ہی دیدہ زیب سرورق سے مزین کتاب کی صورت دیکر ہر طرف ایک تحسین طلب انداز سے دیکھا جاتا ہے یا پھر تنقید پر چند اِدھر اُدھر کی رفتہ کتابیں اور سطحی قسم کے تذکرے پڑھنے کے بعد متعدد اقتباسات کو مجتمع کر کے ایک ضخیم کتاب کی صورت دیدی جاتی ہے

چنانچہ اُردو ادب کی تنقیدی کتب میں سے بہت زیادہ کتابیں ایسی نکلیں گی۔ جو آبِ حیات۔ شعر الہند، گل رعنا، روحِ تنقید اور خمخانۂ جاوید وغیرہ ایسے دفاترِ پارینہ کے استفادہ یا ملخص سے زیادہ کچھ بھی نہیں اور پھر ان تنقیدوں پر جو تنقیدیں ہوتی ہیں۔ وہ معاذ اللہ بد سے بتدریج بدتر اور بدترین ہوتی چلی جاتی ہیں۔

مغرب کا مشہور نامقبول فلسفی ادیب آسکر وائلڈ ایک جگہ کہتا

ہے کہ کسی تصنیف کے متعلق یہ بحث کرنا کہ وہ اخلاق کا درس دیتی ہے یا بداخلاقی کا بالکل لایعنی سی بات ہے۔ کیونکہ ہماری تمام تر قدریں اس قدر محدود اور اعتباری ہیں کہ بقول پاسکل طول بلد عرض بلد کے ساتھ ساتھ ہمارے تصورات بھی بدل جاتے ہیں۔ یہاں تک کہ مرورِ ایام نے کئی نیکیوں کو برائیاں اور کئی برائیوں کو نیکیاں بنا دیا۔ لہذا کسی تصنیف کے متعلق صرف یہ بحث ہو سکتی ہے۔ کہ وہ ایک تصنیف کی حیثیت سے اچھی ہے یا بری؟

لیکن اگر کسی تصنیف کی محض ایک تصنیف ہی کی حیثیت سے اچھائی اور برائی جانچی جائے تو بھی اچھائی اور برائی کا کوئی معیار وضع کرنا پڑیگا۔ جو یقیناً اضافی ہوگا۔ اور اضافی نقطۂ نگاہ سے تنقید کی بجائے صرف ذاتی پسندیدگی اور ناپسندیدگی ہی کا اظہار ہو سکتا ہے۔ جو غالباً اس قدر ادنیٰ سی چیز ہے کہ کسی اعلیٰ سے اعلیٰ صورت میں بھی تنقید نہیں کہلا سکتی کیونکہ تنقید ایک مستقل فن ہے۔ اور فن درحقیقت ہمیشہ عالمگیر ہوتا ہے بخلاف اس کے ذاتی رائے خواہ کتنی ہی اہم کیوں نہ ہو عالمگیر نہیں ہو سکتی! گوئٹے (GOETHE) اپنے ایک خط میں لکھتا ہے کہ "حقیقت یا صداقت ایک ہی ہے باوجودیکہ تمام اضافیت بھی صحیح ہے"۔

یہ بات پلاٹینس اور ابن عربی کے مخالفین کو معلوم نہیں کیسی محسوس ہو! مگر دنیائے انتقاد میں دانستہ یا نادانستہ طور پر اسے ایک اصول کی حیثیت حاصل ہے۔ یعنی ادب اور فن سے متعلق تمام علمی اور فروعی نظریات سے ہٹ کر اگر غور کیا جائے تو درحقیقت تمام علوم و فنون کی ابتداء معیشت کی ضروریات سے ہوتی ہے مگر یہ ضروریات پورا کرنے کے بعد جیسا کہ فریڈرک نٹشے (NIETZSCHE) کا خیال ہے ہر علم و فن ایک آزاد حیثیت اختیار کر کے علم برائے علم رہ کر ہی ترقی کر سکتا ہے۔ لیکن علم برائے علم کے جھگڑے سے ایک خاص الجھن عبادر ہوتی ہے جو آگے جا کر "ادب برائے ادب"، "ادب برائے افادیت"، "ادب برائے زندگی" اور معلوم نہیں کیا کیا برائے کیا کیا بن جاتی ہے۔ حالانکہ یہ سب کچھ ایک سرسری مگر اساسی غلط فہمی پر مبنی ہے۔ کیونکہ دراصل بالواسطہ یا بلاواسطہ ادب، فن، علم بلکہ زیادہ تر بھی مرئی یا غیر مرئی [illegible] زندگی سے چنانچہ حیاتیاتی اعتبار سے اگر دیکھا جائے تو ادب برائے ادب یا ادب برائے افادہ صرف [illegible] یعنی [illegible] محسوس

ہوتے ہیں ورنہ خواہ ادب ہو خواہ افادہ، خواہ فن ہو خواہ علم ان میں سے کوئی چیز بھی قائم بالذات نہیں حتیٰ کہ انفرادی اعتبار سے میں اور آپ بھی قائم بالذات نہیں بلکہ زندگی ایک مستقل اور مسلسل جوہر ہے جس کے ہم سب اعراض ہیں اور جب ہماری یا کم از کم ہمارے علم و فن کی بجز ہمارے کوئی مستقل حیثیت ہے ہی نہیں تو ہماری تخلیقات برائے ادب کیسے ہو سکتی ہیں۔ یعنی ادب برائے ادب تو دراصل ادب برائے افادہ ہے۔ اور افادہ خواہ کیسا ہی کیوں نہ ہو برائے زندگی ہوتا ہے۔ یا زیادہ واضح صورت میں کم از کم یہ تو مسلمہ ہے کہ ہماری ہر تخلیق کا کوئی نہ کوئی مقصد ہوتا ہے۔ لہذا ادب برائے ادب کا بھی کوئی مقصد ہوگا۔ جسے حاصل کرنے کے بعد لازماً ادیب کو داخلی یا خارجی یا کم از کم معکوس صورت میں مسرت یا تسکین ہوتی ہوگی اور ہر مسرت برائے افادہ ضرور ہوتی ہے۔ اور افادیت کا کوئی تخیل بھی ایسا نہیں جو برائے زندگی نہ ہو! لہذا ادب کا مقصد بالواسطہ یا بلاواسطہ دراصل ادب، افادہ اور زندگی تینوں پر حاوی ہوتا ہے۔ جو اکثر اوقات تو شعوری طور پر ہمارے پیش نظر ہوتا ہے۔ اور کبھی کبھی وجدان پرستوں کے نقطۂ نظر سے غیر شعوری بھی ہو سکتا ہے۔ جیسے افلاطون اپنی کتاب "الجمہوریت" میں ایک جگہ کہتا ہے "مصور فقط یہ جانتا ہے۔ کہ تصویر اچھی بنے چنانچہ اس کی ذاتی اور عارضی غرضیں اس کے سامنے براہ راست نہیں آتیں"۔ گو میرے نزدیک بلا تخصیص ذاتی و عارضی اغراض بلاواسطہ صورت میں فنکار کے پیش نظر "فن برائے فن" کے سوا کوئی غرض ہوتی ہی نہیں ـــــ تو اس حقیقت عمومی کو پس منظر کی حیثیت دینے کے بعد البتہ ادب افادہ اور زندگی کے تصورات تقریباً ہر شخص کے انفرادی ہوتے ہیں جنہیں گوئٹے باوجود تمام صحیح مطلقیت کے اضافی تسلیم کرتا ہے۔ حالانکہ سب کے پس منظر میں حقیقت دراصل ایک ہی ہوتی ہے۔ یہیں سے تنقید اور ذاتی پسندیدگی و ناپسندیدگی میں تمیز شروع ہوتی ہے۔ یعنی پسندیدگی و ناپسندیدگی محض اضافیت میں الجھ کر رہ جاتی ہے۔ اور تنقید اس مطلق پس منظر کے اعتبار سے تصنیف کا جائزہ لیتی ہے۔ یا جہاں پسند و ناپسند کی حدود ختم ہوتی ہیں۔ وہاں سے صحیح تنقید کی ابتداء ہوتی ہے۔ اس کے بعد یہ بات صاف واضح ہے کہ ادب خیالات کی پیداوار ہے اور خیالات ([illegible]) غیر محسوس کہہ لیجئے گفتگو ہیں اور گفتگو کی دنیا تکرار سے معمور ہے۔ یعنی باتیں اگر دہرائی نہ جایا کریں تو اب تک سب ختم

ہو چکی ہوتیں لیکن اس کے برعکس یہ بھی ایک روشن حقیقت ہے کہ حسین سے حسین اور دلچسپ سے دلچسپ باتوں کی بھی مسلسل تکرار ذوقِ سماع کو ضائع کر دیتی ہے۔ اسی لئے ایک بلند پایہ ادیب نہ صرف باتوں کو دہراتا ہے بلکہ اپنے مخصوص انداز میں یوں دہراتا ہے کہ وہ باتیں تقریباً اس کی اپنی محسوس ہوتی ہیں۔ جو نئی ہونے کے ساتھ ساتھ ہماری قوتِ فکر اور احساسِ جمال دونوں کو تسکین بہم پہنچاتی ہیں ایسی تخلیق کو ہم جمیل تنوع (Aesthetical Originality) کہتے ہیں۔ مگر یہ کام صرف اہم نہیں بلکہ مشکل ترین بھی ہے۔ اس لئے تاریخِ ادبیات ہمیں بتاتی ہے۔ کہ اکثر عمریں گزر جاتی ہیں اور ادیب صرف لکھتے رہتے ہیں۔ کبھی کبھار طویل مدتوں کے بعد زمانہ کوئی ایسا غیر معمولی آدمی پیدا کرتا ہے جو فی الحقیقت ایک بلند فنکار ہوتا ہے لیکن ایک طرف تو اُس کے افکار انتہائی غیر معمولی۔ بلند اور منفرد ہوتے ہیں اور دوسری طرف اُس کا اندازِ بیان مخصوص دلچسپ اور حسین ہوتا ہے اور دنیا میں عوام کو ہمیشہ تعداد کا فخر حاصل رہا ہے۔ لہٰذا کثیر التعداد لوگ تو کسی نادانستہ خوف کی بنا پر اُس کے غیر مانوس اندازِ فکر اور بظاہر ناقابلِ فہم خیالات کا مذاق اڑانا شروع کر دیتے ہیں۔ اور اُن سے قدرے سنجیدہ طبقہ اُنہیں سنجیدگی سے محسوس کرتا ہے اور سنجیدگی ہی سے پارینہ قدروں کے نام پر رد کر دیتا ہے۔ ایک اور طبقہ نام نہاد روشن خیالوں کا ہوتا ہے جو اپنے آپ کو بزعمِ خود ہمیشہ رسمِ عوام کی زنجیر سے آزاد خیال کرتا ہے۔ اس لئے اپنے مخصوص رنگ میں وہ ادیب کے محض اندازِ بیان سے متاثر ہو کر یوں تنقید کرتا ہے کہ خیالات تو تمام غلط ہیں مگر ظالم اس انداز میں پیش کرتا ہے کہ جھوٹ بھی سچ معلوم ہوتا ہے۔ یہ وہ تنقید ہے جو بالعموم آسکر وائلڈ پر کی جاتی ہے۔ آخر میں ایک ایسا طبقہ ہوتا ہے۔ جو طبعاً بلند ہونے کے باوجود حالات و واقعات کی نامساعدت سے اُن بلندیوں تک پہنچ نہیں سکتا۔ لہٰذا وہ فوراً اپنے آپ کو اُس ادیب کی ذات میں (Project) منتقل کر کے اُسے بے اختیار داد دیتا ہے لیکن افسوس کہ یہ لوگ تعداد میں اسقدر تھوڑے ہوتے ہیں کہ جسے قبولِ عام کہتے ہیں۔ وہ اُس بے چارے آفاقی ادیب کو میسر آ نہیں سکتا۔ اُدھر اُس کے حریف اُس کے متعلق وہ اَن کہی کہتے ہیں کہ رہی سہی قبولیت بھی دم توڑ دیتی ہے چنانچہ کثرتِ رائے کو اگر نقد و نظر کا معیار قبول کر لیا جاتا۔ تو دنیا کے اہم ترین فنکار کبھی صاحبِ تخلیق ہی تسلیم نہ ہو سکتے۔ کیونکہ۔ دراصل عدم تقلید اور عام مذاق سے اجتناب ہی ایک زبردست انفرادیت اور بلند پایہ استعدادِ فنی کے آثار ہیں۔ جن میں اگر جمالیات کا صحیح احساس و ادراک شامل ہو جائے تو فنکار انتقاد کی سرحدوں سے بہت دُور نکل جاتا ہے۔ یعنی تنقید تحیر میں بدل جاتی ہے اور نقاد مداح کی حیثیت اختیار کر لیتا ہے۔ لہٰذا میرے نزدیک تنقید کا میدان دراصل غیر معیاری فن تک محدود ہے۔ جو بالعموم زندگی کے سطحی اور ناپائیدار تجربات کا آئینہ دار ہوتا ہے مگر دنیا دار اسے وقتی جذبات کی گہما گہمی میں کسی طرزِ تخلیق کو چند پہلوؤں سے مزین کر کے شاہکار کا مقام دے ڈالتے ہیں۔ جس کی سماجی حیثیت چند لازوال شاہکاروں کو کچھ مدت کے لئے زاویۂ خمول میں ضرور ڈال دیتی ہے اور شاید جس سے متاثر ہو کر افلاطون نے کہہ دیا تھا۔ کہ "تخلیقات کی عمر بھی مختلف جانوروں کی طرح مختلف ہوتی ہے"۔ حالانکہ درحقیقت بلند اور صحیح تخلیقات زمان و مکان کی قیود سے بالاتر ہوتی ہیں۔ لیکن تخلیق و طرزِ تخلیق میں ان مشکلاتِ امتیاز کی بنا پر ہی شاید عظیم نقاد اپنے وقت کے بعد یا بلند فنکار اپنے وقت سے پہلے پیدا ہوتے ہیں جس کے نتیجے کے طور معیاری تخلیقات بجائے خود ایک المیہ ہوتی ہیں۔ اور فنکار زیادہ تر قنوطی حتیٰ کہ بلند آرٹ کے المیہ رجحانات کی اس عالمگیری سے متاثر ہو کر برگساں تو یہاں تک انتہا پسند ہو جاتا ہے کہ وہ صحیح فن کا زندگی یعنی (Practical life) سے کوئی تعلق ہی تسلیم نہیں کرتا۔ چنانچہ اُسکے الفاظ میں "کبھی کبھی فطرت بھول کر ایسے انسان پیدا کرتی ہے جو زندگی سے کچھ زیادہ الگ تھلگ رہ سکتے ہیں یہ علیحدگی کسی ارادی منطقی تحریک یا باقاعدہ غور و فکر اور فلسفہ کا نتیجہ نہیں ہوتی بلکہ فطری اور حواس و شعور کی ترکیب میں مضمر ہوتی ہے اگر یہ علیحدگی مکمل ہوتی اور روح کا احساس اور ادراک حرکت و عمل سے تعلق نہ رکھتا تو ایک ایسے آرٹسٹ کا ظہور ہوتا جس کی مثال آج تک دنیا نے نہ دیکھی ہوتی! لیکن یہ ممکن نہیں" (ترجمہ از کلیم الدین احمد۔ اُردو تنقید پر ایک نظر) یعنی دوسرے لفظوں میں آرٹسٹ ایک ایسا انسان ہوتا ہے جس کے آلام (Acme) یا منتہائے حسیت سے گزر کر اُسے ایک ایسا نظریاتی پیکر بنا دیں جو وقتی اور عصری جذبات کی دنیا میں ایک چٹان کی حیثیت رکھتا ہو۔

اپنے نقطۂ نظر کی اس توضیح کے بعد میرے نزدیک صحیح آرٹ کا مقصد تمام افادی علاقوں رسمی اور سماجی پردوں غرضیکہ ہر اضافیت سے گزر کر ایک مطلق اور عالمگیر حقیقت تک پہنچنا ہے۔ جس کے ساتھ ساتھ

فنکار کی انفرادیت کا تنوع اور جمالیات کے تقاضے زیادہ سے زیادہ پورے ہو سکیں خواہ اسکے بعد روایات کی پرستار دنیا اُسے حقارت و نفرت کا مرکز ہی کیوں نہ بنا لے کیونکہ کم از کم اس وقت تو دنیا میں میرے نزدیک عمومی نامقبولی بلندی کی دلیل ہے اور قبولِ عام سطحیت و ذہنی افلاس کے مرادف! البتہ مُستثنیات ہمیشہ مستثنیات ہی رہتی ہیں۔ لہٰذا صحیح ادب ہمیشہ زندگی کے بنیادی اور پائیدار تجربات سے وابستہ ہوتا ہے۔ جو زندگی کی حدود کے اندر اندر استمراری یا (eternal) ہوتے ہیں
چنانچہ اس لحاظ سے جیسا کہ مشہور سائنس اور ریاضی دان آئن سٹائین کا خیال ہے کہ "سائنس بھی آرٹ کی ایک تخلیق ہے جس میں انسانی فطرت کے ایک پہلو کو پیش کیا گیا ہے" لیکن جو چیز جسقدر حقیقی اور واقعی ہے اُسی قدر غیر محسوس و غیر مشاہد بھی ہے اس لئے نطشے کا یہ خیال ایک اصولی حیثیت رکھتا ہے کہ "آسمان اور زمین کے درمیان بہت سی ایسی چیزیں ہیں جن کا اگر تھوڑا بہت احساس بھی ہوتا ہے۔ تو صرف آرٹسٹ کو" یا برگسان کے الفاظ میں "فطرت اور ہمارے درمیان ہی نہیں بلکہ ہمارے اور ہمارے شعور کے درمیان بھی ایک پردہ حائل ہے۔ جو عام لوگوں کیلئے دبیز لیکن آرٹسٹ کے لئے باریک اور شفاف ہوتا ہے"۔ لہٰذا اپنے عالمگیر اور غیر مرئی محسوسات کو جب فنکار مرئی کرنے لگتا ہے۔ تو آرٹ کا مقصد محض انفرادیت کا حصول ہوتا ہے چنانچہ فنکار اپنی تخلیقات میں ایسی کیفیات کا اظہار کرتا ہے۔ جو صرف اُس کی ہوتی ہیں۔ اور کبھی لوٹ کر نہیں آتیں" اور یہی وہ مقام ہے۔ جہاں سے آرٹ داخلی (Subjective) اور خارجی (Objective) دو حصوں میں تقسیم ہو جاتا ہے —
اب مواد (Matter) اور اظہار (Expression) (Form) کا مسئلہ باقی رہ جاتا ہے یعنی پہلے یہ دیکھنا چاہیئے کہ فنکار کا مواد عالمگیر اور پائیدار انسانی جذبات سے وابستہ ہے؟ لیکن فنِ لطیف چونکہ کسی خاص علم کا نام نہیں بلکہ اُس سے کسی خاص قسم کا عمل پیدا کرنے کا نام ہے جیسا کہ افلاطون کہتا ہے کہ "شاعر وہ نہیں جو شعر کہہ سکتا ہے بلکہ شاعر وہ ہے جو شعر کہتا ہے"۔ لہٰذا دوسرے اس بات کا خیال رکھنا چاہیئے کہ آرٹسٹ اُس مواد کا اظہار کرنے میں کہاں تک کامیاب ہوا ہے؟ تعبیر یعنی اظہار فنکار نے کیا ہے۔ وہ اپنی ہیئت کے اعتبار سے کیسا ہے؟ جمیل یا غیر جمیل؟ — میرے نزدیک یہ چیز انفرادی ذوق پر منحصر ہے اور ذوق بالعموم اضافی ہوتا ہے کیونکہ ایک ہی شے اپنی مختلف کیفیتوں میں ایک ہی آدمی کے لئے خوبصورتی و بدصورتی کا ایک عالم رکھتی ہے۔ دوسری طرف تمام بلند محسوسات تقریباً

ایسے ہوتے ہیں کہ معمولی زبان اُن کو ادا کرتے وقت رہ جاتی ہے۔ اسلئے جمیل یا غیر جمیل ہونے سے قبل ایک ادیب کی زبان کو غیر معمولی ہونا چاہیئے!
رہا ذوقِ جمال تو اخلاقیات کی طرح اس میں بھی کم از کم میں تو آج تک کوئی مطلق اور ہمہ گیر اصول تلاش نہیں کر سکا ہر چند کہ سقراط اور افلاطون سے لیکر آج کے ماہر جمالیات کروچے تک اکثر حکماء جمال مطلق کو غیر مطلق صداقت یا حق کہہ کر بزعم خود اس الجھن کا حل پیش کرتے رہے کیونکہ جہاں تک کثرت کے اندر وحدت۔ ہر چیز کا اپنے ٹھکانے پر ہونے اور اپنا مخصوص وظیفہ ادا کرنے اور اس وحدت سے ہم آہنگی اور ارتباط پیدا ہونے کا تعلق ہے، جمالیات اور اخلاقیات میں حیرت انگیز مشابہت ہے اور جس طرح یہ تمام اقدار مشترک شعر و نغمہ میں موجود ہوتی ہیں۔ اُسی طرح اخلاقی زندگی میں بھی پائی جاتی ہیں۔ چنانچہ اسی بنا پر شاید یونان میں پوری قوم کے نفوس میں یہ احساس موجود تھا کہ حق، حسن اور خیر ایک ہی حقیقت کے تین پہلو ہیں اور ہر ایک سے ہر باقی دو پر روشنی پڑتی ہے جیسی کہ انیسویں صدی میں Keats نے بھی اسی خیال کا اظہار کیا کہ جمال صداقت ہے۔ اور صداقت جمال (Truth is beauty, beauty is truth) اور موجودہ دور میں اقبال نے بھی اسی نظریئے سے متاثر ہو کر کسی جگہ کہا ہے کہ۔ ع

"حسن آئینہ حق اور دل آئینہ حسن"

لیکن حسن۔ حق۔ صداقت اور خیر کی اس مبہم تکرار کے باوجود میں آج تک نہیں سمجھ سکا۔ کہ ان غیر واضح الفاظ سے جمالیات کے معاییر پر کیا روشنی پڑتی ہے؟ فرض کیا جمال صداقت ہے اور صداقت جمال لیکن اس نظریئے پر ایمان رکھنے کے باوجود کم از کم میں نہیں کہہ سکتا کہ پچھلی رات کا چاند جمیل ہوتا ہے یا غیر جمیل؟ یعنی میرے نزدیک تو ان تمام تاویلات سے صرف ایک ایسی بات واضح ہوتی ہے۔ جسے میں تو کیا کم و بیش ہر آدمی پہلے ہی سے جانتا ہے یعنی مطلق جمال اور مطلق اخلاق کوئی نہ کوئی چیز ہے ضرور! البتہ جب تک اضافی پسند و ناپسند کے پردے چاک نہ ہوں۔ ہم اُس جمال مطلق کا صحیح ادراک نہیں کر سکتے اور چونکہ میرے خیال میں تو اضافیت کا یہ پہلو ہمیشہ سے ہی دبیز رہا ہے۔ اس لئے جمالیات، فی الحال انفرادی، اضافی اور ذاتی چیز ہے! چنانچہ — ادب اور آرٹ کے اس نظریئے کے تحت ایک عظیم فنکار از خود ایک بلند نقاد ہوتا ہے۔ جو ایک ہی اجمالی نظر میں اپنی تمام فنی صلاحیتوں کا احاطہ کرنے کے بعد مجموعی طور پر (As a whole) اپنی تخلیقات پر انتقاد کر لیتا ہے۔ در اصل صحیح تنقید بھی وہی ہوتی ہے۔ جو ایک فنکار — بشرطیکہ وہ فنکار ہو خود اپنے آپ پر کرتا ہے چنانچہ

ایک نقاد جب فنی تخلیقات پر عمل جراحی شروع کرتا ہے۔ جسے مفہوم عام میں تنقید و تبصرہ کہا جاتا ہے تو اس کی حیثیت اس نادان بچے کی سی ہوتی ہے جس کا بے شعور خام اور ناتجربہ کار ذہن تجسس حسین ترین کھلونوں کا ستیاناس کر دیتا ہے۔ اسلئے میری نظر میں تنقید جزئی نہیں۔ بلکہ کلی ہے۔ لہذا ایک اچھا فن کار خود بخود ایک اچھا نقاد ہوگا۔ مگر ایک اچھے نقاد کیلئے ضروری نہیں کہ وہ ایک اچھا فنکار بھی ہو۔ اسلئے تنقید کی حیثیت میری نظر میں تخلیق کی نسبت ثانوی ہے۔

سعید دُرّانی

دو غزلیں

تصورات کے سائے ہیں کائنات مری
فریب خوردۂ شام و سحر حیات مری

نہ مجھ سے کوئی کبھی اتنی بات پوچھ سکا
کہ کس خیال میں کٹتی ہے ساری رات مری

تری نظر میں "مرا دن" بھی ہے شب دیجور
ہے روز مجھ سے جو پوچھو ہر ایک رات مری

مقام میرا بہت پست ہی سہی لیکن
مکین عرش بھی کر بیٹھتے ہیں بات مری

کبھی نہ وقت نے آواز دے کے مجھ سے کہا
کہ زندگانی ترا انتظار کرتی ہے

جو سوچتا ہوں تو کتنی عجیب بات ہے یہ
کہ جستجو سے سکوں بے قرار کرتی ہے

نہ پوچھ قصۂ غم یہ طویل ہے اے دوست
حقیقت اپنی مجھے اشکبار کرتی ہے

یہ بات ٹھیک کہ مجکو کوئی تمنا ہے۔
وہی تمنا مگر شرمسار کرتی ہے۔

سیح اللہ قریشی

عزم

آج پھر چند عزائم کا سہارا لے کر
ایک کھوئی ہوئی منزل کو بڑھا جاتا ہوں
پچھلے لمحات کے دریا کا کنارا لے کر
اپنے اسلاف کی شہرت کی قسم کھاتا ہوں

نیلگوں قوس مسلسل ہے جہاں پر رقصاں
ان دھندلکوں سے بہت دور چلا جاؤں گا
جسکی رفعت سے شجاعت سے تھا عالم لرزاں
پھر اسی عظمتِ رفتہ کو بلا لاؤں گا

کاٹ ڈالوں گا سلاسل کے وسیع حلقوں کو
اپنے ماحول کو ذلت سے دلاؤں گا نجات
پھاڑ ڈالوں گا ضلالت کے شنیع پردوں کو
اور بدل دوں گا میں صحت میں یہ اسقامِ حیات

اپنے سوئے ہوئے افکار کروں گا بیدار
بھول جاؤں گا غم و یاس کے افسانوں کو
کہنے ماحول کی راہوں سے کروں گا بیزار
زلیت کی راہ سے بھٹکے ہوئے انسانوں کو

آئے دیکھے کوئی آلام کی تصویروں کو
ان کی بدلی ہوئی آواز بدل ڈالوں گا
توڑ ڈالوں گا میں ان آہنی زنجیروں کو
اپنے ماحول کے انداز بدل ڈالوں گا

ڈاکٹر عبادت بریلوی ایم۔ اے۔ پی۔ ایچ۔ ڈی۔

اُردو تنقید پر اک نظر

(یہ مقالہ بزم اُردو تعلیم الاسلام کالج کے اجلاس میں پڑھا گیا تھا اسکا ایک حصہ المنار کے مئی جون کے شمارہ میں شائع ہو چکا ہے)

حالی شبلی اور آزاد ——— اور خصوصاً حالی ان رجحانات تنقید کے سب سے بڑے علمبردار تھے۔ انہوں نے اصول کی بحث بھی کی اور ان اصول کی روشنی میں اپنے ادب و شعر کا جائزہ بھی لیا۔ اور اس طرح اُردو تنقید میں اضافے کئے۔ انہوں نے اُردو میں نئی تنقیدی روایات کی بنیاد ڈالی۔ نئے معیار قائم کئے۔ نئے خیالات و نظریات کو پیش کیا۔ ان کے ہاتھوں صحیح معنوں میں اُردو تنقید کی ابتدا ہوئی۔ اور یہ سب کچھ سرسید کی تحریک کے زیر اثر ہوا

سرسید کے دور کی تنقید نے صرف نئے معیار پیش کئے اور نئی تنقیدی روایات کی داغ بیل ڈالی۔ بلکہ اردو میں تنقید کے لئے ایک فضا قایم کی۔ جس کے نتیجہ میں رفتہ رفتہ تنقید کا رجحان عام ہونے لگا۔ اخبارات و رسائل میں تنقیدی مضامین لکھے جانے لگے۔ اور بعضوں نے تو تنقیدی کتابیں بھی لکھیں۔ مثلاً خواجہ امداد امام اثر کی کتاب کاشف الحقائق ایک مستقل تنقیدی کتاب ہے۔ رسائل میں حالی اور شبلی کے ساتھ ساتھ بہت سے لوگوں نے تنقیدیں لکھیں۔ ان میں وحید الدین اور مہدی افادی خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ تھوڑے سے فرق کیساتھ ان سب کے بنیادی خیالات ایک دوسرے سے ملتے جلتے ہیں۔ ان میں سے بعضوں نے شعوری طور پر اور بعضوں نے غیر شعوری طور پر سرسید کے زمانے کی تنقید کے اثرات کو قبول کیا ہے۔

تحریک سرسید نے اردو ادب کے مطالعے کی ایک فضا پیدا کر دی تھی۔ اسی کے نتیجے میں ادبی تحقیق کا رواج ہوا تحقیق و تنقید کا بڑا گہرا تعلق ہے۔ اسلئے جن لوگوں نے تحقیق کی طرف توجہ کی انہوں نے اردو تنقید میں بھی اضافہ کیا۔ چنانچہ جن محققین نے اس وقت اور اس کے بعد اردو تنقید کی طرف توجہ کی ان میں ڈاکٹر عبدالحق پنڈت کیفی، حامد حسن قادری، عبدالماجد دریابادی، پروفیسر محمود شیرانی وغیرہ کے نام لئے جا سکتے ہیں۔ ان میں سے بعضوں نے مغرب کے اثرات کو بھی قبول کیا ہے۔ لیکن ویسے ان سب کی تنقیدوں پر حالی اور شبلی کی تنقید کے اثرات غالب ہیں۔

مغرب کے اثرات حالی اور شبلی نے کسی گہرائی کے ساتھ قبول نہیں کئے تھے۔ ان پر مشرقی نظریات تنقید کا اثر تھا۔ پھر بھی کہیں کہیں ان کے یہاں مغرب کے اثرات کی جھلک نظر آتی ہے۔ وقت کے ساتھ ساتھ مغرب کے اثرات اردو تنقید پر زیادہ گہرے ہوتے گئے اور اُردو تنقید میں ایک دور ایسا بھی آیا۔ جب وہ براہ راست مغربی نظریات تنقید کے زیر اثر آ گئی۔

مغربی نظریات تنقید اور انداز تنقید کے اثرات اُردو تنقید میں بیسویں صدی کے ابتدائی زمانے میں بڑھتے ہوئے نظر آتے ہیں اور خصوصاً پہلی جنگ عظیم کے قریب تو وہ بالکل ہی مغربی رنگ میں رنگین ہو جاتی ہے۔ اس زمانے میں ہر نقاد اس بات کی کوشش کرتا ہے کہ وہ مغربی انداز کی تنقید لکھے۔ ابتدا میں یہ اثرات اخذ و ترجمہ کی صورت میں نظر آتے ہیں۔ اس تنقید میں کوئی خاص گہرائی نہیں ہے۔ اس دور کے لکھنے والے یا تو مغربی نقادوں کے خیالات کو بغیر اپنی طرف سے کچھ کہے ہوئے اپنی زبان میں پیش کر دیتے ہیں۔ یا پھر ان کی مختلف تخلیقات سے اپنے شاعروں اور نثر پردازوں کا مقابلہ کرتے ہیں ان کی نظریاتی تنقید اور عملی تنقید دونوں میں ان رجحانات کا پتہ چلتا ہے ڈاکٹر عبدالرحمٰن بجنوری، حامد اللہ افسر، ڈاکٹر محی الدین زور، عبدالقادر سروری اور بعض اسی طرح کے دوسرے نقادوں کے یہاں یہ خصوصیات

ملتی ہیں۔

اس قسم کے اثرات اگرچہ اردو تنقید میں کوئی بڑا اضافہ نہ کر سکے لیکن پھر بھی ان کی یہی اہمیت کیا کم ہے۔ کہ انہوں نے مغربی خیالات و نظریاتِ تنقید دونوں سے اردو کو روشناس کیا۔ اور مغرب کے اثرات کو گہرائی کے ساتھ قبول کرنے کی ایک فضا پیدا کر دی چنانچہ ایک وقت ایسا آیا۔ جب اس میں غور و فکر کا سلسلہ بھی شروع ہو گیا۔ اور مغربی نظریات تنقید خود اپنی فکر کا حصہ بنا کر پیش کئے گئے۔ اس طرح صحیح معنوں میں سائنٹیفک تنقید کی ابتدا ہوئی جس کا سلسلہ آج اردو تنقید میں جاری ہے۔ اور آئندہ بھی جاری رہے گا کیونکہ اب اس میں صرف مغربی آقاؤں کی حکمرانی کو دخل نہیں۔ بلکہ ذرائع و رسائل کی برق رفتاری بھی اس میں شامل ہو گئی ہے۔ ایک تحریک جو مغرب میں چلتی ہے ناممکن ہے کہ اس کا اثر اس ملک پر نہ پڑے۔

مغرب کے زیر اثر اردو میں جو سائنٹیفک تنقید کی ابتدا ہوئی اس کے علمبرداروں میں رشید صدیقی، نیاز مجنوں، فراق، اختر حسین رائے پوری، سید سجاد ظہیر، آل احمد سرور، ڈاکٹر عبدالعلیم، سید احتشام حسین اور وقار عظیم وغیرہ شامل ہیں۔ ان کے بنیادی نظریات یہ ہیں کہ ادب نہ صرف زندگی کا ترجمان اور عکاس ہوتا ہے۔ بلکہ اس کا نقاد بھی ہوتا ہے۔ اور اس زندگی کی نوعیت اجتماعی ہوتی ہے۔ اس لئے اجتماعی زندگی کے مدوجزر کے اثرات ادب میں بھی نظر آتے ہیں۔ ادب اجتماعی زندگی سے متاثر ہوتا ہے۔ اور اس کو متاثر کرتا بھی ہے۔ اسلئے ادب کے مطالعے کے لئے سماجی زندگی کی ساری الجھنوں اور پیچیدگیوں کا مطالعہ ضروری ہے۔ ان میں سے بعض نقاد زندگی کو اشتراکی اور مارکسی نظریات کی روشنی میں دیکھتے ہیں۔ اور اسی فلسفے کی روشنی میں ادب کا مطالعہ کرتے ہیں۔ اور یہ رجحان آج اردو تنقید پر غالب ہے۔ جو نقاد ترقی پسند تحریک میں شامل ہیں۔ ان کی تنقیدی تحریروں میں اس رجحان کے اثرات ملتے ہیں۔ ان میں ڈاکٹر عبدالعلیم، سید سجاد ظہیر، سید احتشام حسین مجنوں گورکھپوری، ڈاکٹر اختر حسین رائے پوری اور ممتاز حسین وغیرہ پیش پیش نظر آتے ہیں۔ باقی نقادوں کے یہاں اعتدال اور توازن ہے وہ پوری طرح اس رجحان کے علمبردار نہیں ہیں۔ بہرحال اردو تنقید میں حقیقت نگاری کا رجحان انہیں کے ہاتھوں آیا ہے۔ البتہ اس حقیقت نگاری کی نوعیتیں مختلف نقادوں کے یہاں مختلف ہیں۔

اردو تنقید پر آج یہ رجحان چھایا ہوا ضرور ہے۔ لیکن بعض نقاد ایسے بھی موجود ہیں۔ جو ادب کو محض ابدی مسرت کا ذریعہ اور روحانی تسکین کا وسیلہ خیال کرتے ہیں۔ ہرچند کہ زندگی کی ترجمانی پر یہ بھی زور دیتے ہیں۔ لیکن ان کے نظریاتِ تنقید میں عینیتی فلسفے کے اثرات نمایاں نظر آتے ہیں۔ ایسے نقادوں میں جعفر علی خاں اثر، صلاح الدین احمد، اختر علی ، محمد حسن عسکری، اور اسی طرح کے بعض اور نقاد شامل ہیں عینیت پسندی اور حقیقت نگاری کے متضاد رجحانات میں آج ایک کشمکش بھی جاری ہے۔ کیونکہ یہ کشمکش آج خود ہماری زندگی میں موجود ہے۔ لیکن حالات کچھ ایسے ہیں کہ ادب برائے ادب کا نظریہ اب اردو میں پنپتا ہوا معلوم نہیں ہوتا۔

زندگی آج تیزی سے انقلاب کے سانچے میں ڈھل رہی ہے حالات میں ہر روز نت نئی اور رنگا رنگ تبدیلیاں ہو رہی ہیں۔ مختلف علوم نئی راہوں پر گامزن ہیں۔ اردو تنقید ان سب سے متاثر ہو رہی ہے۔ اور ان سب کے نتیجہ میں۔ جو نئے رجحانات زندگی میں پیدا ہو رہے ہیں۔ ان کا اثر اردو تنقید پر بھی ہو رہا ہے۔ چنانچہ جدید اردو تنقید آج رنگا رنگ رجحانات کا گلدستہ ہے۔ اور یہ رجحانات مطالعے کا الگ موضوع ہیں۔

ان باتوں سے اس بات کا اندازہ ہوتا ہے کہ اردو تنقید ایک مستقل حیثیت رکھتی ہو۔ اس کا مسلسل ارتقا بھی ملتا ہے۔ اس کا وجود محض فرضی نہیں ہے۔ وہ نہ اقلیدس کا خیالی نقطہ ہے نہ معشوق کی موہوم کمر!

تین شعر

پھر لرزہ دیا زدہ ہے ہنگامۂ تازہ ہے
کیوں جوشِ خروشی کی ہر بانگ خردشی سے!

برباد بھی یہ دُنیا! آباد بھی یہ دُنیا
تخریب شاطیں سے! تعمیر سردشی سے!

تعریف کے پُل ڈھاجا، توصیف سے باز آجا
بیزار ہوں از بس میں اس یار فروشی سے!

محمود ایاز

قاصد ظریف

ساقی

(جگر مراد آبادی سے معذرت کے ساتھ)

نیا موسم، نئے میکش، نئی ہے انجمن ساقی
بدل دے از سرِ نو تو بھی اندازِ کہن ساقی

بدلتے جا رہے ہیں میکشوں کے سب چلن ساقی
نہ ہے وہ گفتگو ان کی نہ وہ طرزِ سخن ساقی

کبھی تو نے بھی دیکھا ہے مرا دیوانہ پن ساقی
شکستِ ساغر و مینا پہ دل ہے خندہ زن ساقی

نئی منزل، نئی راہوں پہ ہم ہیں گامزن ساقی
نئی دل میں اُمنگیں ہیں نئی دل میں لگن ساقی

چھپے ہیں راستے میں گو ہزاروں راہزن ساقی
چلا میں سوئے منزل باندھ کر سر پہ کفن ساقی

سُنا ہے حضرتِ واعظ بھی تیرے در پہ آتے ہیں
تجھے شاید نہیں معلوم ان کے مکر و فن ساقی

دبی چنگاریاں آہوں کی اپنے اپنے سینوں میں
لئے بیٹھے ہیں جانے کب سے یارانِ وطن ساقی

لبِ نازک پہ آ کے رُک گئے شکوے عنادل کے
بڑے عیار ہوتے ہیں یہ اربابِ چمن ساقی

دیارِ غیر سے لائی ہوئی صہبا سے کیا ہوگا
حجازی مے بجھا سکتی ہے اس دل کی جلن ساقی

پروفیسر بشارت الرحمان ایم۔ اے

تاریخ اسلام کے متعلق بعض اصولی نظریے

تاریخ اسلام کے ابتدائی دور کے متعلق جب ہم مستشرقین کی کتب کا مطالعہ کرتے ہیں۔ تو ہمیں یہ احساس ہوتا ہے کہ اس زمانہ کی تاریخ کے متعلق وہ بعض ایسی باتیں کہہ گئے ہیں۔ جو بعض قرآنی نظریات سے ٹکراتی ہیں۔ مستشرقین نے یہ امور یا تو تعصب کی وجہ سے اپنی کتب میں لکھ دیئے ہیں۔ یا اسلامی تاریخ سے مکمل واقفیت نہ ہونے کی وجہ سے ہمیں ان پر چنداں افسوس بھی نہیں کہ کیوں انہوں نے اپنی تاریخی موشگافیوں کو قرآنی نظریات کے پس منظر میں نہیں دیکھا۔ کیونکہ یہ لوگ مسلمان نہ تھے۔ اور نہ ہی وہ قرآن کریم کو کلام اللہ سمجھتے تھے۔ لیکن افسوس ان مسلمان مؤرخین پر ہے۔ جو ان مستشرقین کی نقل میں بلا تحقیق وہی باتیں اپنی تاریخی کتب میں دہراتے ہیں۔ خواہ وہ قرآنی نظریات سے کتنی ہی مخالف کیوں نہ ہوں۔ پھر وہ یہ بھی عقیدہ رکھنے کے مدعی ہیں۔ کہ قرآن کلام اللہ ہے۔

خلافت راشدہ کی تاریخ میں ہم اکثر مؤرخین کی اس قسم کی افسوسناک غلطیوں سے دو چار ہوتے ہیں۔ ان کی تاریخی کاوشوں اور موشگافیوں سے معلوم ہوتا ہے کہ ان مؤرخین کو خلافت راشدہ کے متعلق صحیح قرآنی نظریئے سے واقفیت نہیں۔ نہ ہی انہیں صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم کی حقیقی شان کا کما حقہٗ احساس ہے۔ انہیں اس امر سے واقفیت بھی نہیں کہ قرآن کریم نے صحابہ کرام کے متعلق کیا نظریات قائم کئے ہیں۔ مثال کے طور پر بعض قیاسات کی بنا پر حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ کی خلافت پر بعض اعتراضات کئے جاتے ہیں۔ اور ان خلفاء کو مورد الزام قرار دیا جاتا ہے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ حضرت عثمانؓ کے آخری ایام کے فسادات کی وجہ آپ کی ذاتی کمزوری اور اقربا نوازی تھی۔ بعض مؤرخ کہتے ہیں۔ کہ حضرت عثمانؓ کے قتل میں حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ کا ہاتھ معلوم ہوتا ہے۔ اسی طرح دیگر اکابر صحابہؓ کو بھی مطعون کیا جاتا ہے۔ اگر یہ مؤرخ قرآنی اصولوں کو اپنی تاریخی کاوشوں کی بنیاد بناتے تو اللہ تعالیٰ یقیناً ان کے ذہنوں کو اصل حقائق کی طرف پھیر دیتا لیکن ؎

خشت اول چوں نہد معمار کج
تا ثریا مے رود دیوار کج

اس مختصر مضمون میں میں قرآن کریم کے ان اصولوں میں سے بعض کا تذکرہ کروں گا جو ابتدائی اسلامی تاریخ سے تعلق رکھتے ہیں۔

درخت اپنے پھل سے پہچانا جاتا ہے۔ تھوہر کے پودے کو کبھی انگور نہیں لگتے۔ نہ ہی کبھی آم کے درخت کو سنگترے لگتے ہیں ہمیں سوچنا چاہیئے کہ اسلام کیا چیز ہے؟ اسلام اور امت مسلمہ وہ نورانی درخت ہے جس کا بیج حضرت خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کے مقدس ہاتھوں سے سب سے پہلے سرزمین عرب میں بویا گیا۔ انہی مقدس ہاتھوں نے اس پودے کی آبیاری کی اور اپنے اوپر تمام جسمانی آرام اور راحتیں حرام کر کے اس مقدس پودے کی نگہداشت کی۔ مخالفین نے چاہا کہ اس پودے کو جڑ سے اکھیڑ پھینکیں۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے آسمان سے اپنے رسول کو مخاطب کر کے فرمایا۔

يُرِيدُونَ أَنْ يُطْفِئُوا نُورَ اللَّهِ بِأَفْوَاهِهِمْ وَيَأْبَى اللَّهُ إِلَّا أَنْ يُتِمَّ نُورَهُ وَلَوْ كَرِهَ الْكَافِرُونَ (التوبۃ رکوع ۵)

یعنی کفار چاہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے نور کو اپنے منہ کی پھونکوں سے بجھا دیں۔ مگر اللہ تعالیٰ اس بات پر مُصر ہے کہ اپنے نور کو مکمل کرے خواہ کفار اس امر کو ناپسند ہی کریں۔

ہم دیکھتے ہیں کہ اسلام کا نورانی پودا دیکھتے ہی دیکھتے بڑھا اور اپنی جڑوں پر قائم ہو گیا اور پھر ایک تن آور درخت کی صورت اختیار کر گیا۔ ابوبکرؓ۔ عمرؓ۔ عثمانؓ۔ علیؓ و دیگر اکابر صحابہ رضوان اللہ علیہم اس پودے کے ان اولین پھلوں میں سے تھے۔ جو

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کر لیے۔ اگر اسلام کے ان پھلوں میں وہ نقائص تسلیم کر لئے جائیں تو لازماً اُس درخت میں بھی وہ نقائص تسلیم کرنے پڑیں گے جس سے اسلام کی صداقت مشتبہ ہو جائیگی۔

میں نے مندرجہ بالا سطور میں جو اسلام کو ایک نورانی پودے سے تشبیہ دی ہے۔ یہ اپنی طرف سے نہیں بلکہ خود قرآن کریم سے یہ تشبیہ اخذ کی ہے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتا ہے اَلَمْ تَرَ كَيْفَ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا كَلِمَةً طَيِّبَةً كَشَجَرَةٍ طَيِّبَةٍ اَصْلُهَا ثَابِتٌ وَّفَرْعُهَا فِي السَّمَآءِ تُؤْتِيْٓ اُكُلَهَا كُلَّ حِيْنٍ بِاِذْنِ رَبِّهَا وَيَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ (ابراہیم رکوع ۴)

یعنی (اے مخاطب) کیا تُو نے دیکھا نہیں (کہ) اللہ تعالیٰ نے کس طرح ایک پاک کلام کی حالت کو کھول کر بیان کیا ہے۔ وہ پاک کلام جو ایک پاک درخت کی طرح ہے (اور) جسکی جڑ مضبوطی کے ساتھ قائم ہے اور اس کی (ہر ایک) شاخ آسمان (کی بلندی) تک (پہنچی ہوئی) ہے۔ وہ درخت ہر وقت اپنے رب کے اذن سے اپنا (تازہ) پھل دیتا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ لوگوں کے لئے ان کی ضرورت کی تمام باتیں بیان کرتا ہے۔ تاکہ وہ نصیحت حاصل کریں۔

مندرجہ بالا آیت میں اللہ تعالیٰ نے یہ نہیں فرمایا کہ تُؤْتِيْٓ اُكُلَهَا کہ پھل دیتا ہو بلکہ اُكُلَهَا فرمایا ہے یعنی درخت کی طرف ضمیر پھیر کر اس کی خوبیوں کی طرف اشارہ کیا کہ وہ پھل اپنے اندر درخت والی خوبیاں رکھتے ہوں۔ جو خواص اس درخت میں ہوں وہی ان پھلوں میں ہوں۔ یعنی قرآن پر عمل کرنے والے لوگ اس کے ذریعہ سے ایسے اعلیٰ مقامات تک پہنچ جاتے ہیں کہ انکی زندگی کا ہر لمحہ قرآن کریم کی تعلیم کی عملی تفسیر ہوتا ہے۔

لیئے اب ہم دیکھیں کہ خلفاء راشدین کے متعلق قرآن کریم کیا ارشاد فرماتا ہے۔ خلافت کے متعلق اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْاَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِيْنَهُمُ الَّذِي ارْتَضٰى لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُمْ مِّنْ بَعْدِ خَوْفِهِمْ اَمْنًا يَعْبُدُوْنَنِيْ لَا يُشْرِكُوْنَ بِيْ شَيْئًا وَمَنْ كَفَرَ بَعْدَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ (النور رکوع ۷)

یعنی اللہ تعالیٰ نے (اے مسلمانو) تم میں سے اُن لوگوں سے جو ایمان لائے اور انہوں نے نیک اور مناسب حال اعمال کیئے۔ وعدہ کیا ہے کہ وہ ضرور بالضرور انہیں زمین میں خلیفہ بنائیگا جیسے کہ اُس نے (یعنی اللہ تعالیٰ نے) اُن سے پہلے لوگوں کو خلیفہ بنایا۔ خدا تعالیٰ ان خلفاء کے دین کو جسے اُس نے انکے لئے پسند کیا تمکنت اور مضبوطی بخشیگا۔ اور ضرور بالضرور انکے خوف کو امن سے بدل دے گا۔ یہ خلفاء میری ہی عبادت کرنے والے ہونگے اور میرے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ بنائیں گے۔ اور جو لوگ انکے خلیفہ مقرر ہونے کے بعد ان کی خلافت کا انکار کریں گے وہ فاسق ہونگے۔

آیت مندرجہ بالا کی (جو آیت استخلاف کہلاتی ہے) مزید تشریح کرنے کی ضرورت نہیں۔ خلفاء راشدین کے عظیم الشان مرتبہ کو اس آیت کریمہ میں کھول کر بیان کر دیا گیا ہے۔ خصوصاً اس امر کا اعلان کیا گیا ہے کہ گو ان خلفاء کے تقرر میں بظاہر انسانی ہاتھ کارفرما نظر آئے گا۔ مگر درحقیقت یہ لوگ خدا تعالیٰ کے مقرر کردہ ہونگے۔ اسلام کی کشتی کے ناخدا اپنے اپنے زمانہ میں یہی لوگ ہونگے۔ جنکا تقرر ان کی اہلیت اور قابلیت کی بنا پر خود اللہ تعالیٰ کے ہاتھ سے ہوگا۔ اب دیکھئے کہ اگر حضرت عثمانؓ اور حضرت علیؓ کا تقرر بطور خلیفہ اس آیت کے منشاء کے مطابق اللہ تعالیٰ کی طرف سے مانا جائے۔ تو کیا اُن اعتراضات کی کوئی گنجائش باقی رہتی ہے۔ جو ان بزرگوں پر کئے جاتے ہیں؟ مثلاً یہ کہ انہوں نے عمال کا تقرر اہلیت کی بنا پر نہیں بلکہ اپنی رشتہ داری کی بناء پر بد دیانتی سے کیا تھا۔ (نعوذ باللہ من ذالک) کیا یہ کہا جا سکتا ہے کہ ان میں سے فلاں اپنی خلافت میں ناکام رہا۔؟ کیا خدا تعالیٰ کے تقرر میں نقص پیدا ہو سکتا ہے۔؟ اگر ان خلفاء میں وہ نقص تسلیم کر لئے جائیں تو کیا اللہ تعالیٰ کی غیب دانی پر حرف نہیں آتا؟ میری اس تحریر سے یہ مطلب ہرگز نہ لیا جائے۔ کہ خالص تاریخی نقطۂ نگاہ سے اُن اعتراضات کو رد نہیں کیا جا سکتا اس مضمون میں میں صرف قرآنی نظریات کا ہی اختصار سے ذکر کرونگا۔

اگر غور سے دیکھا جائے تو خلفاء کا وجود انبیاء کے وجود کی ہی توسیع کا نام ہے۔ ان خلفاء کے ذریعہ سے اللہ تعالیٰ نبی کے نور کو ایک لمبے عرصہ تک ممتد کر دیتا ہے۔ خلفاء انبیاء کے روحانی جانشین ہوتے ہیں۔ اگر انبیاء کو عصمت کبریٰ حاصل ہوتی ہے

تو خلفاء کو عصمت صغریٰ اللہ تعالیٰ اپنے اُس نور کی مثال جو اللہ تعالیٰ نبی کے ذریعہ دنیا میں نازل کرتا ہے۔ اس طرح بیان فرماتا ہے کہ وہ نور ایک چراغ کی طرح ہے۔ جس کے سامنے ایک آئینہ ہے۔ آئینہ سے مراد نبی کا وجود ہے جس میں سے گذر کر خدا تعالیٰ کا نور دنیا کے سامنے ظاہر ہوتا ہے۔ لیکن یہ نور ایک طاقچے میں ہوتا ہے بالکل ایسے ہی جیسے بیٹری کا بلب REFLECTOR میں ہوتا ہے۔

REFLECTOR کی اپنی ذاتی روشنی نہیں ہوتی وہ صرف اُس نور کو منعکس کر کے دور تک لیجاتا ہے۔ خلفاء کا یہی کام ہے۔ جو REFLECTORS کا ہے۔ وہ اپنے نبی کے REFLECTOR ہوتے ہیں۔ اور اس کے نور کو دور تک ممتد کرتے چلے جاتے ہیں۔ وہ آیت کریمہ جس میں مندرجہ بالا تشبیہ کا ذکر ہے۔ مندرجہ ذیل ہے۔ اور اُسی سورۃ میں ہے جس میں کہ آیت استخلاف ہے

اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۔ مَثَلُ نُوْرِهٖ كَمِشْكٰوةٍ فِيْهَا مِصْبَاحٌ ۔ اَلْمِصْبَاحُ فِيْ زُجَاجَةٍ ۔ (النور رکوع ۱۵)

یعنی اللہ ہی آسمانوں اور زمین کا نور ہے۔ (اس نور کے مخصوص طور پر ظاہر ہونے کی) مثال ایسے ہی ہے جیسے کہ ایک طاق ہو جس میں ایک چراغ روشن ہو۔ اور وہ چراغ ایک شیشہ میں ہو۔ اس کے بعد اگلی آیت میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

فِيْ بُيُوْتٍ اَذِنَ اللّٰهُ اَنْ تُرْفَعَ وَيُذْكَرَ فِيْهَا اسْمُهٗ ۙ يُسَبِّحُ لَهٗ فِيْهَا بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ ۙ رِجَالٌ ۙ لَّا تُلْهِيْهِمْ تِجَارَةٌ وَّلَا بَيْعٌ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَاِقَامِ الصَّلٰوةِ وَاِيْتَآءِ الزَّكٰوةِ ۙ يَخَافُوْنَ يَوْمًا تَتَقَلَّبُ فِيْهِ الْقُلُوْبُ وَالْاَبْصَارُ ۔

(النور رکوع ۵)

یعنی (۱) ۔ یہ نور روشن ہے کچھ گھروں میں جن کے متعلق اللہ تعالیٰ نے اعلان کر دیا ہے کہ وہ معزز کئے جائیں اور ان گھروں میں اس کے نام کا ذکر ہوتا رہے۔ یعنی محمد رسول اللہ صلعم کے گھر کے علاوہ کچھ اور گھر بھی ہیں۔ جو الٰہی نور کے حامل ہونے والے ہیں۔ اور انہیں خلعت سے سرفراز کیا جائے گا۔

(ب) ۔ ان گھروں میں تسبیح و تحمید کرتے ہیں۔ صبح اور شام ایسے مرد کہ انہیں ذکر الٰہی۔ باجماعت نماز اور زکوٰۃ کی ادائیگی سے نہ کوئی تجارت اور نہ کوئی خرید و فروخت غافل کر سکتی ہے۔ ان الفاظ میں صریح طور پر خلفاء اور ان کی بلند شان کا ذکر کیا گیا ہے۔

(ج) ۔ وہ مرد ڈرتے ہیں اُس وقت سے کہ جس میں دل اور آنکھیں مضطرب اور بے چین ہو جائیں گے۔ اس سے صاف اس امر کی طرف اشارہ ہے کہ ان خلفاء پر بعض اس قسم کے الزام لگائے جائیں گے۔ جن کی وجہ سے ان کی کامل دیانتداری اور تقویٰ مشکوک نظر آئیں گے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ یہ الزام غلط ہونگے کیونکہ یہ لوگ کامل طور پر متقی اور خدا تعالیٰ کے سامنے جوابدہی سے ڈرنے والے ہونگے۔

خلفاء کے علاوہ عام صحابہ رضوان اللہ علیہم بھی عظیم الشان روحانی مقام رکھنے والے لوگ تھے یہ ان لوگوں کی طرف عیوب منسوب کرنا گویا اسلام کے خوشنما چہرہ پر داغ لگانے والی بات ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں،

اَصْحَابِیْ كَالنُّجُوْمِ بِاَيِّهِمْ اقْتَدَيْتُمْ اِهْتَدَيْتُمْ ۔

یعنی میرے صحابہ ستاروں کی مانند ہیں۔ آنے والے تاریک حالات میں ان میں سے جس کی بھی تم اقتداء کرو گے تم فلاح اور کامیابی حاصل کر لو گے۔ اور قرآن کریم نے صحابہ کو "بہترین مخلوق" قرار دیا اور انہیں رضی اللہ عنہم ورضوا عنہ کا سرٹیفکیٹ عطا فرمایا چنانچہ فرمایا۔

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اُولٰٓئِكَ هُمْ خَيْرُ الْبَرِيَّةِ ۔ جَزَآؤُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۔ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ ۔ ذٰلِكَ لِمَنْ خَشِيَ رَبَّهٗ (البینۃ ع ۱)

صحابہ کی عظیم شان کا اظہار قرآن کریم کی کئی اور آیات سے بھی ہوتا ہے۔ ان میں سے صرف ایک آیت یہاں پر اور نقل کر دی گئی ہے۔

اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ اَعْظَمُ دَرَجَةً عِنْدَ اللّٰهِ ۔ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ (توبہ ع ۳)

یعنی وہ لوگ جو محمد رسول اللہ علیہ وسلم پر ایمان لائے اور جنہوں نے ہجرت کی اور اللہ تعالیٰ کے راستے میں اپنے مالوں اور اپنی جانوں سے جہاد کیا وہ اللہ تعالیٰ کے حضور بہت ہی بڑا درجہ رکھتے ہیں۔ اور یہی لوگ کامیاب ہونیوالے ہیں۔ خلاصہ کلام یہ کہ ہمارے مؤرخین کو اسلام کے ابتدائی ایام کی تاریخ لکھتے ہوئے خلفاء راشدین اور صحابہ کرام کی اُس بزرگی اور عظمت کو ضرور مدنظر رکھنا چاہیئے جسکا اظہار کلام اللہ میں ہوا ہے اور جس پر صحابہ کی جانی اور مالی قربانیوں نے عملی طور پر مہر تصدیق ثبت کی ہے۔ انسانی روایات میں غلطی کا امکان ہے مگر خدا تعالیٰ کے کلام میں شک و شبہ کی کوئی گنجائش نہیں اگر ہمارے مؤرخین قرآن کریم کے مندرجہ بالا نظریات کو اپنی تاریخی کاوشوں کی بنیاد بنائیں تو اللہ تعالیٰ ضرور اصل

جنید ہاشمی بی۔ اے

مکتوباتِ نبوی صلعم پر ایک نظر

حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مختلف بادشاہوں اور قبیلوں کے سرداروں کے نام جو تبلیغی خطوط روانہ فرمائے تھے۔ ان کی تعداد جدید ترین تحقیقات کی رُو سے کوئی دو سو سے لیکر اڑھائی سو تک کہی جاتی ہے۔ اگرچہ ان سب کو کسی ایک مجموعہ میں یکجا نہیں کیا گیا تاہم اکثر خطوط کے متن اور چربے مختلف کتابوں میں ملتے ہیں۔ ان میں سے حضرت عمرو بن حزم۔ گورنر یمن نے کوئی بیس کے قریب مکتوباتِ عالیہ اکٹھے کرنے کی سعادت حاصل کی۔ کچھ خطوط کے اصل زمانہ کی دستبرد سے تلف بھی ہو چکے ہیں۔ خیال کیا جاتا ہے کہ بعض مکتوبات حجاج بن یوسف کے عہد میں یوم الجماجم کے موقع پر سرکاری ریکارڈ آفس میں جل کر ضائع ہو گئے ہیں۔ اور بعض خطوط خود مکتوب الیہم کی عدم توجہ کا شکار ہو گئے ہیں۔ لیکن اس کے باوجود تاریخ میں متعدد خطوط کے اصل کی موجودگی کا ذکر سننے میں آتا رہتا ہے۔ ان خطوط میں سے بعض اصلی رنگ میں اور بعض کے عکس۔ چربے اور فوٹو یورپ کی مشہور لائبریریوں کی زینت ہیں۔ اور ایک دو خطوط ایسے ہیں جو بعض گرجاؤں اور پادریوں کے پاس ذاتی حیثیت سے موجود ہیں۔ لیکن ان میں سے ہر ایک کے بارے میں یہ دعویٰ سے نہیں کیا جا سکتا۔ کہ یہی وہ اصل خط ہے۔ جس کا قرطاس، سیاہی، اور مُہر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی چشم مبارک کے سامنے استعمال کی گئی۔ پھر بھی ایک دو مشہور عام خطوط کے بارے میں جو تحقیق و تصدیق ہوئی ہے۔ اس کا حال ذیل میں بیان کیا جاتا ہے۔

پہلا خط وہ ہے جو ہجرت کے بعد ۶ھ میں (یعنی صلح حدیبیہ کے وقت) لکھا گیا۔ عرب کے ہمسایہ میں ایران اور روم دو بڑی سلطنتیں تھیں۔ جن میں بحرین۔ عمان۔ اور یمن تک کے علاقے شامل تھے۔ بلکہ مصر و حبشہ پر بھی ان کا اثر تھا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے تبلیغ کا ایک ذریعہ یہ بھی سوچا کہ حکومتوں کے بادشاہوں کو خطوط روانہ کیے جائیں۔ چنانچہ آپؐ نے سفیروں کو نامزد کرنے سے پہلے حضرت عیسیٰؑ کے معجزے اور فرستادہ حواریوں کا قصہ بیان فرمایا کہ کس طرح حضرت عیسیٰؑ نے دعا کی اور ہر ایک حواری اس ملک کی زبان بولنے لگ گیا جہاں وہ بھیجا جا رہا تھا۔ اور فرمایا کہ تم لوگوں کو ان حواریوں کی طرح ہچکچاہٹ اور پس و پیش نہیں کرنا چاہیئے۔ اس کے بعد اعلان فرمایا کہ فلاں شخص فلاں حکمران کے پاس خط لے جائے اور فلاں شخص فلاں کے پاس ـــــ اسکے بعد آپ نے قیصر روم ہرقل کے نام ایک خط روانہ کیا۔ دوسرا خسرو پرویز دافعی ایران کے نام لکھا۔ اس کے علاوہ بحرین کے صوبہ دار منذر بن ساوی کے نام بھی ایک مکتوب دیا۔ اور مصر کے صوبہ دار پادری مقوقس کو بھی خط بھیجا۔ آخر الذکر دو خطوط کے اصل حال ہی میں دستیاب ہوئے ہیں۔ ان میں سے مقوقس پادری کے نام کے خط کے بارے میں مشہور فرانسیسی مستشرق رے نو (REINAUD) نے ۱۸۵۵ء میں تنقید کی ہے وہ لکھتا ہے۔

"موسیو بار تھلمی قاہرہ کے بڑے ماہر عربی ہیں۔ خاص کر قبطی زبان کے مخطوطات تلاش کر رہے ہیں۔ جو مصر کے تنہا پسند راہبوں کے پاس ہیں ..... وہ اخمیم کے قریب ایک راہب خانے میں پہنچے۔ اس راہب خانہ میں ایک عربی مخطوطہ دستیاب ہوا ..... اس کی جلد کناروں سے خراب ہو گئی تھی اس کے اندر سے کچھ قبطی حروف دکھائی دے رہے تھے ہمارے سیاح نے کوشش کی کہ اس پہلے ورق کو الگ کرے جو متعدد لکھے ہوئے اوراق سے لپٹا ہوا معلوم ہوتا تھا۔ چنانچہ جب احتیاط سے اسے علیحدہ کیا گیا۔ تو وہ دراصل دس اوراق تھے۔ جن پر قدیم قبطی خط میں انجیل لکھی ہوئی تھی۔ چنانچہ

موسیو بارتھلمی نے دونوں پہلوؤں سے ان قبطی اوراق کو یکے بعد دیگرے جدا کیا۔ جو کتاب کی جلد کے داخلی حصہ پر مشتمل تھے۔ ان پر انہیں ان اوراق کے انہی بیچ میں دونوں پہلوؤں سے چپٹا ہوا کھال یا جھلی (PARACHEMINI) کا ایک ٹکڑا نظر آیا۔ جسے کیڑوں نے دو جگہ سے چاٹ لیا تھا۔ موسیو بارتھلمی کو اس پر کوفی خط میں کچھ عربی حروف سے نظر آئے۔ ہزار کوشش کے بعد انہوں نے تحریر کو پڑھ لینے میں کامیابی حاصل کی۔ اس کے بعد متعدد لوگوں کی مدد سے اس تحریر کو پڑھنے اور عربی تاریخی کتب سے اس کے متن کی تصدیق کر لینے کا ذکر ہے۔ وہ خط یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

من محمد عبد اللہ ورسولہ الی المقوقس عظیم القبط سلام علی من اتبع الھدیٰ اما بعد فانی ادعوک بدعایۃ الاسلام اسلم تسلم یؤتک اللہ اجرک مرتین فان تولیت فعلیک اثم القبط یا اھل الکتاب تعالوا الی کلمۃ سواء بیننا وبینکم الا نعبد الا اللہ ولا نشرک بہ شیئاً ولا یتخذ بعضنا بعضاً اربابا من دون اللہ فان تولوا فقولوا اشھدوا بانا مسلمون۔

مندرجہ بالا خط کے فوٹو میں مہر کا نشان بھی موجود ہے۔ جو اگر یہ نقل ہوتی تو نہ آ سکتی۔ یہ خط عبد الحمید اول کے پاس تین سو اشرفیوں کے عوض بیچا گیا۔ اور قصر شاہی کے خزانے میں داخل کیا گیا۔ غالباً اس کی نقلوں کے فوٹو رسالہ الھلال قاہرہ اور اسلامک ریویو ووکنگ میں بھی چھپے تھے۔ لیکن وہ اصل خط کے فوٹو نہیں بلکہ ٹریس شدہ کاپی یا چربہ کے فوٹو تھے۔ اصل خط اب تقریباً لاپتہ ہو چکا ہے۔ لہذا اس کے اصل ہونے کے خلاف مندرجہ ذیل اعتراضات کئے جاتے ہیں۔

(۱) اس خط کی تحریر اتنی قدیم نہیں معلوم ہوتی۔ بلکہ بعد کی ہے۔

(۲) مقوقس کا نام بعد کے اسلامی مورخ کچھ اور بیان کرتے ہیں۔ عہد نبوی کے مقوقس کا نام حقیقت میں "بن یامین" تھا۔

(۳) خط میں درج ہے۔ کہ ہم ایک ہی خدا کی عبادت کرنے والے ہیں۔" حالانکہ عیسائی تو تین خداؤں کو مانتے ہیں۔

مندرجہ بالا اعتراضات زیادہ تر خارجی اور قیاسی ہیں۔ خود خط پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ یہ خط عہد نبوی کے رواج کے مطابق کھال پر ہے۔ کاغذ پر نہیں۔ پھر بھی عام روایت کے مطابق تین سطریں ہے۔ یعنی نیچے محمد پھر رسول اور اوپر اللہ۔

جرمنی کے ایک اور یہودی النسل مستشرق نولڈکے (NOLDERE) نے یہ اعتراض کیا ہے۔ کہ اس طرح اس زمانے میں لوگ دستخط کے لئے سیاہی سے مہر نہیں کرتے تھے۔ بلکہ طین خاتم (TONSIE GEL) ایک طرح کی چکنی چپٹنے والی مٹی) پر مہر دباتے تھے۔ اس کا جواب یہ ہے کہ بیشک طین خاتم کا ذکر عربی ادبیات میں قدیم سے ملتا ہے لیکن یہ طین خاتم خط کے اوپر لپیٹے ہوئے کاغذ (لفافہ) پر لگائی جاتی تھی جیسا کہ آجکل یہ کام لاکھ سے لیا جاتا ہے۔ تاکہ لفافہ سوائے مکتوب الیہ کے کوئی نہ کھولے۔ پس اس مکتوب پر جس مہر کا ذکر ہے۔ وہ چاندی کی اس مہر کا نشان ہے۔ جس پر محمد۔ رسول۔ اللہ۔ کے نشان کندہ تھے۔ جس کا عکس فوٹو میں موجود ہے۔

دوسرا خط:۔ جو مقوقس کے نام کے خط کے چند ماہ بعد بحرین کے گورنر منذر بن ساویٰ کے نام لکھا گیا۔ اس کی عبارت یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

من محمد رسول اللہ الی منذر بن ساوی سلام علیک فانی احمد اللہ الیک الذی لا الہ الا ھو واشھد ان لا الہ الا اللہ وان محمداً عبدہ ورسولہ اما بعد فانی اذکرک اللہ عز وجل فانہ من ینصح فانما ینصح لنفسہ وانہ من یطع رسلی ویتبع امرھم فقد اطاعنی ———— الجزیہ۔

اس خط کا متن کئی ایک مستند عربی کتب میں موجود ہے اور اصل خط جرمنی کی کسی لائبریری میں موجود بیان کیا جاتا ہے۔ اس کی اصل کی دریافت کی کہانی کو ڈاکٹر بوش جرمن سفیر قسطنطنیہ نے ۱۸۶۳ء میں یوں بیان کیا ہے:۔

گذشتہ موسم خزاں میں میری ملاقات ایک اطالوی شخص سے ہوئی۔ جس کے پاس (حضرت) محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کا ایک مکتوب تھا۔ اس لئے یہ خط اور چند سورے گذشتہ موسم گرما میں دمشق میں مسلمانوں کے بھیس میں اپنے آپ کو ظاہر کرتے ہوئے خریدے۔ یہ خط نیز قرآن کے مذکورہ سورے ایک نہایت مہین اور سیاہی مائل بھوری (DUNKELBRAM) جھلی کے ٹکڑوں پر لکھے ہوئے تھے۔

اس خط پر رسالہ کے ایڈیٹر فلائشر نے فٹ نوٹ دیا ہے۔ جس میں اس کے اصلی ہونے پر متعدد اعتراض کئے ہیں۔

(۱) اس خط کا متن کہیں بھی نہیں ملتا ۔ اس لئے ایجاد ہے (۲) لفظ "المنذر" کو "المنزر" "غیرہ" کو "غیبرہ" اور "اشہد" کو "اشعد" لکھا ہے ۔ (۳) پیش نظر فوٹو میں مرسل اور مرسل الیہ کا نام تو صاف ملتا ہے ۔ لیکن جعلساز نے اس کے بعد عربی نما شکلیں بنا دی ہیں ۔ وہ کوئی عبارت نہیں ہے ۔ ظاہر ہے کہ مندرجہ بالا اعتراض وزنی نہیں ہیں ۔ کیونکہ (۱) عربی ماخذ اور تاریخی کتب میں اس خط کا متن موجود ہے ۔ البتہ کہیں کہیں بعض الفاظ میں تغیر و تبدل ضرور ہے ۔ (۲) تیرہ سو سال پرانے زمانہ کا لکھا ہوا خط ہے اگر کہیں کہیں سیاہی اڑ گئی ہے یا دھبے پھیل گئے ہیں تو کوئی اعتراض کی بات نہیں ۔ (۳) عہد نبوی میں حروف پر نقطے یا اعراب نہیں تھے ۔ اسلئے غیرہ کا غیبرہ نظر آنا امتداد زمانہ کا اثر ہے ۔ اشہد کا اشعد نظر آنا محض ستم ظریفی ہے ۔ اس زمانہ میں ھ کو ع لکھا جاتا تھا ۔ فلاتشرز کے علاوہ کسی اور نے اس خط پر کچھ نہیں لکھا ۔ لہٰذا اس کے اصلی ہونے میں زیادہ شک کی گنجائش نہیں ۔

تیسرا خط ابھی چند سال ہوئے اخباروں میں موجودہ نجاشیٔ حبشہ کے پاس ہونا بیان کیا گیا ہے ۔ یہ مکتوب نجاشی اصحمہ کے نام لکھا گیا تھا ۔ اگرچہ اس کے متعدد عکس اور فوٹو شائع ہوئے ۔ لیکن کسی مستند شخص نے اپنی آنکھوں سے اسے نہیں دیکھا ۔ اور نہ اس کی تصدیق کی ہے ۔ اس لئے اسکے اصل یا نقل ہونے کے بارے میں حتمی طور پر نہیں کہا جا سکتا ۔

قطعہ

اٹھ! کہ نظام کائنات مائل ابتری ہے پھر
وقت ہے تیرے ہاتھ میں وقت کا انتظار کیا
کارِ عظیم چاہیئے طبع سلیم چاہیئے
عزمِ صمیم چاہیئے ۔ فکرِ مآلِ کار کیا

جگر مراد آبادی

محمود ایاز

بندگانِ خدا

وجودِ کُن کا رہین و ممنون
نظامِ شام و سحر کا افسوں
جہانِ قیصر، عنانِ کسریٰ
غضب کی چشمک تو پھر دگرگوں
خدا کے بندوں کی شانِ فرماں
سُقوطِ سیلابِ نیل و جیحوں
جنہوں نے اپنا لیا خدا کو
زمیں انہی کی انہی کا گردوں
جُنوں پہ وارفتہ جنکی اُلفت
انہیں کا ہے عشق رشکِ مجنوں
ثباتِ وجاوید اُن کا ورثہ
جگر نے جن کے بہا دیا خُوں!
نہیں جو نکتہ شناس فطرت
سمجھ سے بالا یہ سارے مضموں



ALMANAR

TALIM-UL-ISLAM COLLEGE MAGAZINE

NOVEMBER--DECEMBER 1952

★

Staff Editor

Prof. Akh. M. Abdul Qadir, M. A.

Student Editors

Nur-ud-Din Ahmad

Hamid Ahmad

★

CONTENTS

Vol. 3. No. 2

1.	Editorial—Flowers and Fireworks	M. A. Q.	2
2.	The Greedy Jagirdar	A. Hessen	13
3.	Re-appear	N. D. Ahmad	15
4.	How to read	Hamid Ahmad	18

Editorial

FLOWERS AND FIREWORKS

Part I - Flowers **(Continued from previous issue)**

STREWING the paths of triumphant processions formed to welcome back home the victor-hero with flowers of every sort is an ancient custom and tradition. The cheering crowds along the route shower petals and blooms as the "cynosure of all eyes" comes in sight in the slow moving pageant. At royal banquets in [illegible] the like of which so far Babylonia, [illegible] have never been heard of, roses, jasmines and their petals used to be rained down from the balconies and galleries above, on the king, his courtiers and satraps, while the heaped up dainties glutted their ravenous maw and the golden cups replete with sparkling wine went round at the sumptuous board. These again invade even the market place ; fruits are tastefully decorated with petals and grow tempting. Rose-leaves, for instance, strewn over portions of sugar cane, mulberries, straw-berries, raspberries ; black, yellow cherries, etc. are a stock example.

Art is nothing but imitation of nature's works with versimilitude carried to a high pitch, and man's skill and ingenuity set to work early in history and manifested themselves in almost finished products in this line. The Romans achieved their imitation of flowers in gold and silver. The Egyptians made a marvellous use of painted linen and shavings [illegible] of horn, while the Chinese stand unsurpassed in the art with the help of rice-paper. The Italians exhibited their genius by means of silkworm cocoons from which they fashioned all specimens. People in South America use plumage and feathers of highly coloured birds and produce gaudy effects; other materials like wax, small tinted shells, paper, etc. are abundantly utilised to promote this trade. In our opinion coloured rice-paper serves this purpose best on the economical as well as on the aesthetic basis. A basket full of such flowers at a distance captures your fancy as the genuine

